بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# آنکھ میں دوائی ڈالنے اور منہ بھر قے آنے سے روزے کا حکم

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دو مسئلوں کا جواب مطلوب ہے:

1: کیا آنکھ میں دوائی ڈلنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے جبکہ اس کا اثر کبھی کبھی حلق میں بھی محسوس ہوتا ہے؟

2: منہ بھر کر قے ہونے کی صورت میں روزہ کا کیا حکم ہے؟

**سائل: محمد عامر، کراچی**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

[1]: آنکھ میں دوائی ڈالنے سے روزے پر کوئی فرق نہیں پڑے گا اگرچہ دوائی کا اثر حلق میں بھی محسوس ہو۔

[2]: اس میں تفصیل یہ ہے کہ کسی نے جان بوجھ کر قے کی اور منہ بھر کے ہوئی تو روزہ ٹوٹ جاتا ہے لیکن اگر قے خود بخود آئی تو روزہ نہیں ٹوٹتا اگرچہ منہ بھر کر آئی ہو۔

**واللہ اعلم بالصواب**

**27-اپریل 2021ء**